آپ کے پیڈیاٹرک سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کے دوران تناؤ اور اضطراب پر قابو بانے کے لیے مددگارسروسز

یہ معلومات Memorial Sloan Kettering (MSK) پر دستیاب سروسز کی وضاحت کے لیے ہے تاکہ آپ کے سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کے دوران تناؤ اور اضطراب کو کنٹرول کیا جا سکے۔ اس ریسورس میں، لفظ "آپ" کا مطلب ہے آپ یا آپ کا بچہ۔

نئے علاج کروانا اور طویل عرصے تک اپنے کمرے میں رہنا شدید دباؤ کا باعث بن سکتا ہے۔ سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ کروانے والے لوگوں نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ اپنے کمرے میں بوریت محسوس کرتے ہیں کیونکہ وہاں کرنے کو کچھ نہیں ہوتا۔ دیگر لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ بیمار رہنے سے تھک چکے ہیں اور فورا گھر جانا چاہتے ہیں یا فکرمند اور افسردہ محسوس کرتے ہیں۔ یہ تمام احساسات نارمل ہیں۔

اپنی کیئر ٹیم کے لوگوں سے اس بارے میں بات کرنا کہ آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں بہت مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ آپ نرسوں اور ڈاکٹروں سے ہر وقت بات کر سکتے ہیں۔ اس مشکل وقت سے گزرنے میں آپ کی اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے خصوصی پریکٹیشنرز کی ایک ٹیم بھی دستیاب ہے۔ یہ پریکٹیشنرز آپ کی سٹیم سیل ٹرانسپلانٹ ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کو اور آپ کے خاندان کو ہر قسم کی مدد حاصل ہے۔

سائیکولوجی سروسز

سائیکولوجی ٹیم سائیکیٹرسٹس اور سائیکولوجسٹس پر مشتمل ہے۔ وہ علاج اور ہسپتال میں طویل قیام کے سبب تناؤ اور اضطراب پر قابو پانے میں آپ کی اور آپ کے خاندان کی مدد کے لیے دستیاب ہوتے ہیں۔ وہ آپ کی باتیں سن کر، آپ کو تناؤ اور اضطراب پر قابو پانے کے طریقے بتا کر، اور حسب ضرورت دوا تجویز کر کے آپ کی مدد کرتے ہیں۔ ہم انہیں ٹرانسپلانٹ ٹیم کا لازمی حصہ سمجھتے ہیں اور ان سے کہتے ہیں کہ وہ ہسپتال میں داخل تمام مریضوں اور ان کے خاندانوں سے ملیں۔

سوشل ورکرز

پیڈیاٹرک ٹرانسپلانٹ کے ہر مریض کو علاج کے دوران مشاورت، معلومات اور مدد فراہم کرنے کے لیے ایک سوشل ورکر تفویض کیا جاتا ہے۔ آپ کا سوشل ورکر آپ کو ان وسائل سے متعلق رہنمائی فراہم کر سکتا ہے جو ٹرانسپلانٹ کے دوران جذباتی اور مالی طور پر آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

چائلڈ لائف سروسز

چائلڈ لائف اسپیشلسٹ انسانی ترقی اور نشوونما کے ماہرین ہیں جو آپ کے ہسپتال کے تجربے کو ہر ممکن حد تک آسان بنانے کے لیے تربیت یافتہ ہیں۔ وہ بیڈ کے پاس عمر کے لحاظ سے مختلف سرگرمیاں فراہم کرتے ہیں۔ چائلڈ لائف اسپیشلسٹ اس مشکل تجربے کو اپنانے اور اس کا مقابلہ کرنے کے عمل کے دوران آپ کی مدد کرتے ہیں۔

ٹیچرز

MSK ایک ٹیچنگ پروگرام فراہم کرتا ہے جس کا عملہ نیویارک سٹی بورڈ آف ایجوکیشن سے تصدیق شدہ اساتذہ پر مشتمل ہے۔ یہ پروگرام طویل عرصے سے MSK میں مقیم ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کے لیے اسکولنگ فراہم کرتا ہے۔ مریض NYS ریجنٹس امتحانات سمیت نیویارک اسٹیٹ کے اسٹینڈرڈ ٹیسٹ دے سکتے ہیں۔ طلباء کالج کی درخواستوں اور گریجویشن کی ضروریات سے متعلق بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی دیکھ بھال

212-639-5982
MSK کیتھولک، یہودی، پروٹسٹنٹ اور مسلمان مذہبی پیشواؤں کی سروسز فراہم کرتا ہے۔ ہم دوسرے مذاہب کے پیشواؤں سے ملاقاتوں کا اہتمام بھی کر سکتے ہیں۔ میری فرانسیسی راکفیلر آل فیتھ چیپل میموریل ہسپتال کے کمرے M106 (مرکزی لابی کے قریب) میں واقع ہے۔ یہ مراقبہ اور دعا کے لیے ہر وقت کھلا رہتا ہے۔ مذہبی سروسز کا انعقاد ہر ہفتے اور تمام مقدس دنوں پر کیا جاتا ہیں۔

تکمل پذیر دوا

646-449-1010
MSK کی انٹیگریٹیو میڈیسن سروس روایتی طبی نگہداشت کے ساتھ ساتھ بہت سی دیگر تھراپیز بھی فراہم کرتی ہے۔ ان میں میوزک تھراپی، دماغ/جسم کی تھراپیز، ڈانس اور موومنٹ تھراپی، یوگا اور ٹچ تھراپی شامل ہیں۔

If you have questions or concerns, contact your healthcare provider. A member of your care team will answer Monday through Friday from 9 a.m. to 5 p.m. Outside those hours, you can leave a message or talk with another MSK provider. There is always a doctor or nurse on call. If you're not sure how to reach your healthcare provider, call 212-639-2000.

مزید وسائل کے لیے، www.mskcc.org/pe پر جا کر ہماری ورچوئل لائبریری تلاش کریں۔

Supportive Services for Stress and Anxiety During Your Pediatric Stem Cell Transplant - Last updated on May 20, 2024

تمام حقوق Memorial Sloan Kettering Cancer Center کے زیرِ ملکیت اور محفوظ ہیں

Memorial Sloan Kettering Cancer Center